© rasailojaraid.com



# تشبہ بالکفار کے بارے میں فقہا کی آراء کا تحلیلی جائزہ

گیارہویں قسط

ریسرچ اسکالر: اللہ دتہ

آپشن ہولڈر کے حق میں یہ پٹ آپشن ''ان دی منی'' ہوتا ہے کیونکہ ایکسرسائز کرنے کی صورت میں متعلقہ اثاثے کی مقررہ قیمت موجودہ قیمت سے کم ہے کیونکہ آپشن کی وجہ اس کے حق میں اسی اثاثے کی قیمت پہلے سے متعین ہے جو کہ ابھی موجودہ قیمت سے کم ہے لہذا یہ پٹ آپشن کے حق میں ''ان دی منی'' ہوگیا۔

ایکسپائری ڈیٹ کو جب متعلقہ اثاثے کی قیمت پہلے سے طے شدہ قیمت سے زیادہ ہوگئی ہو تو اس صورت میں یہ پٹ آپشن اپنے ہولڈر کے حق میں ''آؤٹ آف دی منی'' ہوتا ہے کیونکہ اپنے اس آپشن کو ایکسرسائز کرنے کی صورت میں متعلقہ اثاثے کی قیمت اس کی موجودہ قیمت سے زیادہ ہے اس لئے یہ اس کے حق میں ''آؤٹ آف دی منی'' ہوگیا ہے۔

لیکن جب ایکسپائری ڈیٹ کو متعلقہ اثاثے کی قیمت پہلے سے طے شدہ قیمت کے برابر ہوجائے تو اس صورت میں یہ پٹ آپشن اپنے ہولڈر کے حق میں ''ایٹ دی منی'' ہوجاتا ہے اس لئے کہ اب اس آپشن پر عمل درآمد کی صورت میں اس کو پہلے سے طے شدہ قیمت ہی ادا کرنی پڑتی ہے۔

ذاتی اور زمانی قدر (انٹرینزیک اور ٹائم ویلیو) کا ضابطہ یہ ہے:

۱:۔ پٹ انٹرینزیک ویلیو مساوی ہے: سٹاک پرائس منفی سٹرائک پرائس

۲:۔ پٹ ٹائم ویلیو مساوی ہے: پریمئیم ویلیو منفی انٹرینزیک ویلیو

۳:۔ کم از کم انٹرینزیک ویلیو زیرو ہے۔

اس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ پٹ آپشن کی کہیں پر انٹرینزیک ویلیو ہوتی ہے اور کہیں پر نہیں ہوتی اور یہی انٹرینزیک ویلیو آپشن ہولڈر کے حق میں ثابت ہوتی ہے یعنی اس کا اعتبار آپشن خریدنے والے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے حق میں کیا جاتا ہے اسی بات کو درج ذیل مثالوں سے واضح کیا جارہا ہے:

مثال نمبر ۱: وہ موقع جہاں پٹ آپشن کی انٹرینزیک ویلیو ہوتی ہے

پٹ آپشن کی ذاتی قدر انٹرینزیک ویلیو)

| سٹاک پرائس | پٹ پریمیئم | سٹرائک پرائس | تنسیخ کی مدت | انٹرینزیک ویلیو |
|---|---|---|---|---|
| ۷۷ | ۵۸۵ | ۸۰ | چار ماہ | ۸۰_۷۷:۳_۰۰ |

پٹ آپشن کی زمانی قدر (ٹائم ویلیو)

| سٹاک پرائس | پٹ پریمیئم | سٹرائک پرائس | تنسیخ کی مدت | ٹائم ویلیو |
|---|---|---|---|---|
| ۷۷ | ۵_۵۸ | ۸۰ | چار ماہ | ۳_۰۰:۲_۵۸۵_۵۸ |

اس مثال سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ جہاں کہیں پٹ آپشن کی صورت میں طے شدہ قیمت مقررہ تاریخ کو اسی اثاثے کی ذاتی یا موجودہ قیمت سے زیادہ ہوگی تو صورت میں پٹ آپشن کی انٹرینزیک ویلیو موجود ہوگی۔

مثال نمبر ۲: وہ موقع جہاں پٹ آپشن کی ذاتی قدر (انٹرینزیک ویلیو) نہیں ہوتی:

پٹ آپشن کی ذاتی قدر (انٹرینزیک ویلیو)

| سٹاک پرائس | پٹ پریمیئم | سٹرائک پرائس | تنسیخ کی مدت | انٹرینزیک ویلیو |
|---|---|---|---|---|
| ۸۵ | ۱_۶۷ | ۰۸ | دو ماہ | ۸۰_۸۵۰۰ |

پٹ آپشن کی زمانی قدر (ٹائم ویلیو)

| سٹاک پرائس | پٹ پریمیئم | سٹرائک پرائس | تنسیخ کی مدت | ٹائم ویلیو |
|---|---|---|---|---|
| ۸۵ | ۱_۶۷ | ۸۰ | دو ماہ | ۱_۶۷:۰۰_۱_۶۷ |

اس مثال سے معلوم ہوا کہ جہاں کہیں کسی اثاثے کی موجودہ قیمت اس کی طے شدہ قیمت سے زیادہ ہوجائے تو اس وقت پٹ آپشن کی انٹرینزیک ویلیو زیرو ہوتی ہے جب کہ اس کی ٹائم ویلیو پھر بھی موجود ہوتی ہے اور وہ اس صورت میں وہی ہوتی ہے جو آپشن کا پریمیئم ہوتا ہے۔[۲]

## مارجن اور پٹ آپشن

مارجن اکاؤنٹ کا تعارف اور ضرورت اسی باب کی پچھلی فصل میں وضاحت کے ذکر کی گئی ہے جس

© rasailojaraid.com



کو بوقت حاجت وہی پر دیکھا جاسکتا ہے البتہ یہاں پر دو باتیں بتانی مقصود ہیں:

ایک یہ کہ پٹ آپشنز کی خریداری کے وقت آپشن ہولڈر کو اس کی ساری کی ساری قیمت ادا کرنی ضروری ہوتی ہے مثلاً پٹ آپشنز کے خریدار کو خریداری کرتے وقت ساری ادائیگی کرنی ضروری ہے مثلاً ایک آدمی ۴ یونٹس کی کنٹریکٹس کی آپشن خریدتا ہے جہاں آپشن کا پریمیئم یا قیمت ۷ ڈالر ہو تو ۱۰۰x۴x۷ مساوی ہے ۲۸۰۰ لہذا آپشن ہولڈر کو ۲۸۰۰ ڈالرز موقع پر ادا کرنے ہونگے۔

البتہ جب پٹ آپشن کو بیچ رہا ہو جس کو پٹ رائیٹنگ کہا جاتا ہے اور اس کو رسک فری چھوڑ دیا گیا ہو جس کو سیل نیکڈ پٹ کہا جاتا ہے تو اس صورت میں بیچنے والے کے پاس مارجن اکاؤنٹ میں درج ذیل میں سے جو زیادہ اماؤنٹ ہو اس کا موجود ہونا ضروری ہے:

مثلاً آپشن کا پریمیئم یعنی اپنی قیمت ۷ ڈالرز ہیں اور ایک شیئر کی قیمت ۵۰ ڈالر ہیں جب کہ اس نے ۵ یونٹس خریدے ہیں اور ایک یونٹ میں ۱۰۰ شیئرز ہوتے ہیں اور آخر میں سٹاک کی قیمت فی شیئر کے حساب سے دو ڈالر کم ہو جائے تو اس صورت میں درج ذیل فارمولے کے مطابق جو زیادہ مقدار رقم ہوگی اس کا بیچنے والے کے مارجن اکاؤنٹ میں موجود ہونا ضروری ہے۔ ۳۔

ا:۔ آپشن کی فروختگی کی پوری مالیت: ۱۰۰x۵x۷ مساوی ہیں ۳۵۰۰ اس کو متعلقہ اثاثے یعنی شیئرز کی ۲۰ فیصد قیمت جو اعشاریہ ۱۰۰ x ۵ x ۵۰ x ۲ جو ۵۰۰۰ بنتا ہے کے ساتھ جمع کیا جائے تو ۵۰۰۰ پلس ۳۵۰۰ مساوی ہے ۸۵۰۰ اس سے وہ ساری رقم منفی کر دیں جو آؤٹ آف دی منی ہو گیا ہے یعنی ۱۰۰x۵x۲ مساوی ہے ۱۰۰۰ تو ۸۵۰۰۔ ۱۰۰۰ مساوی ہے ۷۵۰۰ یعنی ایک اماؤنٹ ۷۵۰۰ بن گیا۔

۲:۔ آپشنز کی فروختگی کی پوری مالیت جو ۱۰۰x۵x۷ مساوی ہیں ۳۵۰۰ اس کو متعلقہ اثاثے یعنی شیئرز کی ۱۰ فیصد قیمت جو اعشاریہ ۱۰۰x۵x۵۰x۱ مساوی ہے ۲۵۰۰ کے ساتھ جمع کر دیں تو یہ ۳۵۰۰ پلس ۲۵۰۰ ملا کر ۶۰۰۰ بنتا ہے۔

جس کا حاصل یہ ہے کہ ان دونوں رقوم یعنی ۷۵۰۰ اور ۶۰۰۰ میں سے ظاہر ہے کہ ۷۵۰۰ زیادہ ہے تو اتنی رقم ان آپشنز کے بیچتے وقت بیچنے والے کی مارجن اکاؤنٹ میں موجود ہونا ضروری ہیں تاکہ کہیں انوسٹر کو اس کی وجہ سے آپشن ایکسرسائز کرنے کی وجہ اس آپشن رائیٹر کے پاس شیئرز کی خریداری کے لئے بروقت رقم موجود نہ ہونے کی وجہ سے نقصان کا سامنا نہ کرنا پڑے۔'' ۴۔

© rasailojaraid.com



## آپشن کنٹریکٹ کی تنسیخ / انتہاء کے طریقے

پٹ آپشن کی کنٹریکٹ ختم ہونے' انتہاء تک پہنچنے اور یا منسوخ ہونے کے وہی طریقے ہیں جو پچھلی فصل میں کال آپشن کی تفصیلات میں ذکر کئے گئے ہیں:

۱:۔مقررہ تاریخ تک یعنی آپشن کی مدت ختم ہونے تک آپشن ہولڈر اس پر عمل درآمد نہ کرے بلکہ اس کی متعینہ تاریخ گذرنے تک اس کو رہنے دے' تو اس طرح آپشن کا معاملہ مبینہ طور پر ختم ہوجاتا ہے۔

۲:۔آپشن کو ختم کرنے کا دوسرا ممکنہ طریقہ یہ ہے کہ اس پر عمل درآمد کیا جائے' یعنی آپشن ہولڈر نے جس مقصد کے لئے آپشن کو خریدا ہو وہ کام عمل میں لائے' البتہ اس میں یہ تفصیل قطعاً نہیں بھولنا چاہئے کہ اگر یورپین آپشن ہو تو تنسیخ کی تاریخ ہی پر وہ عمل درآمد کے قابل ہوگا اور اگر آمیریکن آپشن ہو تو وہ مقررہ تاریخ تک کسی بھی وقت ایکسرسائز کیا جاسکتا ہے۔

حاصل یہ ہوا کہ آپشن ہولڈر اپنے حق کو استعمال کرتے ہوئے اس کو انتہاء تک پہنچا کر بری الذمہ ہوسکتا ہے۔

۳:۔آپشن کنٹریکٹ کی انتہاء کا تیسرا طریقہ یہ ہے کہ آپشن ہولڈر اپنا خریدا ہوا آپشن اس کے مقررہ تاریخ تک کی بقیہ مدت تک کے لئے کسی تیسرے فریق کو بیچ دے۔

آپشن رائیٹر کے لئے آپشن کنٹریکٹ ختم کرنے کا صرف ایک ہی ممکنہ طریقہ ہے وہ یہ اپنے بیچے ہوئے آپشن کو تنسیخ کی تاریخ سے پہلے کم پریمیئم / قیمت پر واپس خرید لے تو اس طرح وہ اپنے اس عقد کو انتہاء تک پہنچا کے قابل ہوتا ہے اور اسی کے ذریعے یہ مقررہ تاریخ تک متعلقہ اثاثے کی قیمت میں اتار چڑھاؤ کی رسک لینے سے محفوظ ہوجاتا ہے۔۵۔

## ریگولیشن

پٹ آپشن کنٹریکٹس کو ریگولیٹ بھی بالکل اسی طرح کیا جاتا ہے جس طرح کال آپشن کو ریگولیٹ کیا جاتا ہے جس کی تفصیل یہ ہے:

آپشن مارکیٹ کئی طریقوں سے مانیٹر کیا جاتا ہے' سٹاک ایکس چینج اور آپشن کلیئرنگ کارپوریشنز نے آپشن ٹریڈرز کے مختلف احوال کے اعتبار سے آپشن مارکیٹ کو چلانے کے لئے اپنے اپنے ضابطے وضع کئے ہیں' جس کے مطابق وہ اسی مارکیٹ کو چلانے کی نگرانی کرتے ہیں' عام طور پر آپشن مارکیٹ ازخود کسی ریگولیٹری اتھارٹی کے تحت اپنا نظام چلانے کی رضامندی کا اظہار کرتا ہے' نیز او سی سی یعنی

© rasailojaraid.com



آپشن کلیئرنگ کارپوریشن کی طرف سے ابھی تک کسی بڑے سیکنڈل یا ڈیفالٹ بننے کا انکشاف نہیں ہوا اس لئے اس مارکیٹ میں سرکار حضرات بڑے خود اعتمادی کے ساتھ اپنا سرمایہ لگانے میں کسی بھی قسم کی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتے۔

سیکوریٹی اینڈ ایکس چینج کی ذمہ داری یہ ہوتی ہے کہ وہ فیڈرل لیول پر سٹاک، سٹاک اینڈ یکسز، کرنسیز اور بانڈز سے متعلقہ آپشنز کو ریگولیٹ کرتا ہے، جب کموڈیٹی فیوچر ٹریڈنگ کمیشن آپشن آن فیوچر کو ریگولیٹ کرتا ہے۔[۶]

## پے اف رولز

پے اف کے حوالے سے جو ضابطے اور اصول کال آپشن کے لئے طے ہوئے ہیں وہی ضوابط اور اصول پٹ آپشن کے لئے بھی جن کی تفصیلات حسب ذیل ہیں:

آپشن کی خریداری کے وقت آپشن ہولڈر اس کے جاری کرنے والے یعنی رائیٹر کو جو آپشن کی قیمت خریدادا کرتا ہے جو گراس پریمیئم ہوتا ہے اس کو پے اف کہا جاتا ہے اسی پے اف کے اپنے ضابطے ہیں:

۱:۔ آپشنز کی ریگولر کنٹریکٹس کی صورت میں جب آپشن ایکسرسائز ہو جائے تو اس وقت پے اف متعلقہ اثاثے کی موجودہ مالیت اور پہلے سے طے شدہ قیمت کے درمیان پائے جانے فرق کو کہا جاتا ہے۔

۲:۔ بسا اوقات پے اف کو ایکسرسائز پرائس پر فکسڈ کرنے کی بجائے اثاثے کی ایکسرسائز ڈیٹ والی قیمت اور آپشن کی مدت کے دوران پٹ آپشن کی صورت میں اس کی زیادہ سے زیادہ قیمت کے درمیان والے فرق کو اسی طرح کال آپشن کی صورت میں ایکسرسائز ڈیٹ کو موجودہ قیمت کو آپشن کی مدت کے دوران کم ترین قیمت کے درمیان والے فرق کو کہا جاتا ہے۔

یعنی پٹ آپشن کی صورت میں مثلاً ایکسرسائز ڈیٹ کو متعلقہ اثاثے کی قیمت ۳۰ ڈالر ہو اور مقررہ مدت کے دوران اسی اثاثے کی قیمت کسی وقت ۳۵ ڈالر ہو گئی ہو تو اب مقررہ تاریخ پر موجودہ قیمت اور آپشن کی دورانیے میں زیادہ سے زیادہ قیمت یعنی ۳۰ اور ۳۵ کے درمیان کا جو فرق ہے یعنی ۵ ڈالر یہ یہاں پر پے اف ہوتا ہے۔

جب کہ کال آپشن کی صورت میں مقررہ تاریخ کو مثلاً متعلقہ اثاثے کی قیمت ۳۰ ڈالر ہو اور اسی آپشن کے دورانیے میں کسی وقت یہ قیمت ۲۵ ڈالر کی کم ترین سطح پر آ گئی ہو تو اب مقررہ تاریخ پر ایکسرسائز

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کرنے کی صورت میں ۳۰ اور ۲۵ کے درمیان کا جوفرق ہے یعنی ۵ ڈالر یہ پے اف ہوگا۔

۳:۔کبھی کبھار آپشن ہولڈر ایک خاص فیگر متعین کرلیتا ہے کہ جوکہ کم ترین پے اف ہوتا ہے مثلاً یورپین آپشن کی صورت میں کسی اثاثے کی طے شدہ قیمت ایکسر سائز ڈیٹ کو ۱۰۰ ڈالر مقرر کی گئی، پھر وہ آپشن کی مدت کے دوران کسی وقت ۱۴۰ ڈالر ہوگئی جس پر آپشن ہولڈر نے کہا کہ مقررہ تاریخ آنے پر کم ترین پے اف ۴۰ ڈالر ہوگا، اب جب ایکسپائر ڈیٹ آگئی تو اگر متعلقہ اثاثے کی قیمت ۱۴۰ ڈالر سے بھی زیادہ ہوگئی ہو تب بھی آپشن ہولڈر کو صرف ۴۰ ڈالر ہی کا پے اف ملے گا۔

۴:۔بسا اوقات یہ بھی ہوتا ہے کہ کسی اثاثے کی طے شدہ قیمت اور ایکسپائری ڈیٹ کو موجودہ قیمت میں پے اف کا تعین یوں کیا جاتا ہے کہ اسی اثاثے کی مقررہ تاریخ تک جو اوسط قیمت ہو اس کا طے شدہ قیمت کے درمیان والے فرق کو پے اف کا تعین یوں کیا جاتا ہے کہ اسی اثاثے کی مقررہ تاریخ تک جو اوسط قیمت ہو اس کا طے شدہ قیمت کے درمیان والے فرق کو پے اف مقرر کیا جاتا ہے اور یہ طریقہ عموماً ایشین آپشنز میں اختیار کیا جاتا ہے۔

۵:۔کبھی یوں بھی کیا جاتا ہے کہ متعلقہ اثاثے کی آپشن کی مدت کے دوران قیمت کی کم ترین سطح اور زیادہ سے زیادہ مقدار کو کسی خاص عدد میں محصور کیا جاتا ہے کہ اگر کم ترین قیمت مثلاً ۵۰ ڈالر ہوجائے اور زیادہ سے زیادہ ۸۰ ڈالر ہوجائے تب پے اف مثلاً ۲۰ ڈالر یا ۳۰ ڈالر ہوگی، اسی طریقے کو بیریئر آپشن میں اختیار کیا جاتا ہے۔[۷]

## سٹریڈل آپشن (خیار المرکب)

### تعارف

کاروباری منڈی میں ظاہر ہے کوئی بھی اس نیت سے داخل نہیں ہوتا کہ وہ نقصان کا شکار ہوجائے بلکہ ہر ایک بزنس مین یہ چاہتا ہے کہ وہ کسی نفع بخش عمل کو سرانجام دے اس لئے پھر ہر سرمایہ کار اور تاجر کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ ایسا طریقہ اپنائے جس سے اس کو صرف اور صرف نفع حاصل ہو ورنہ کم از کم نقصان کا سامنا نہ کرنا پڑے اگر بالفرض نقصان واقع بھی ہوجائے تو وہ بہت ہی کم ہو قابل برداشت حد تک ہو، کسی بھی کاروباری شخصیت کا اپنی اس سوچ کو عملی شکل دینے کو اس کی ٹریڈنگ سٹریٹیجی کہا جاتا ہے۔

مارکیٹ میں مختلف اشیاء کی تجارت اور کاروبار ہوتے ہیں جن میں سے ہر ایک کا اپنا لائحہ عمل اور طریقہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کار ہوتا ہے ایسے ہی آپشن کا کاروبار کرنے کی بھی اپنے طریقے اور لوائح عمل ہیں جن میں سے فنانشل مارکیٹ کی مندی اور تیزی کے حوالے سے اپنی اپنی سٹریٹیجیز ہیں جن پر عمل درآمد کا اپنا خاص ضابطہ ہوتا ہے۔

### Bullish Strategy

اور وہ یہ ہے کہ آپشن کنٹریکٹ میں سرمایہ کاری کرنے کی ایک بلیش سٹریٹجی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ جب کوئی کال آپشن خرید رہا ہو یا پٹ آپشن بیچ رہا ہو تو یہ بلیش کا طریقہ کار ہے، یہ اس وقت نفع بخش ثابت ہوتی ہے جب سٹاک یعنی متعلقہ اثاثوں کی قیمتیں بڑھ رہی ہوتی ہیں۔

### Bearish Strategy

جب کہ کال آپشن کی فروخت اور پٹ آپشن کی خریداری یہ بیریش سٹریٹجی ہے اس لائحہ عمل کے مطابق کال آپشن کو بیچا جاتا ہے اور پٹ آپشن کو خریدا جاتا ہے یہ اس وقت منافع بخش ہوتی ہے جب سٹاک یعنی متعلقہ اثاثوں کی قیمتیں کم ہو رہی ہوتی ہیں۔

حاصل یہ ہے کہ مارکیٹ کی مندی اور تیزی کے اعتبار سے آپشن کی خرید وفروخت کو یوں سوچ سمجھ کر کیا جاتا ہے کہ جب مارکیٹ میں تیزی ہو یعنی سٹاک کی قیمت بڑھ رہی ہو تو اس وقت آپشن ٹریڈنگ کے ماہرین کال آپشن کی خریداری کرتے ہیں اور پٹ آپشن کو بیچتے ہیں، لیکن جب سٹاک کی قیمتیں کم ہو رہی ہوتی ہیں تو اس وقت آپشن میں سرمایہ کاری کرنے والے حضرات کال آپشن کو فروخت کرتے ہیں اور پٹ آپشن کو خریدتے ہیں۔۸۔

آپشنز اور ان سے متعلقہ اثاثوں کی فنانشل مارکیٹ میں قیمتوں میں کمی اور زیادتی میں مندی اور تیزی کی رجحان کے پیش نظر اس میں سرمایہ کاری کرتے وقت جن طریقوں/سٹریٹیجیز میں سے کسی ایک پر عمل درآمد کیا جاتا ہے ان کا مختصر تعارف پیش کیا جا رہا ہے:

### Collar

کالر یہ پٹ آپشن کی خریداری اور کال آپشن کی اس فروختگی کو کہا جاتا ہے جس میں زیادہ مقدار والی طے شدہ قیمت کا اعتبار ہو دونوں قسم کی آپشنز ایک ہی منسلکہ اثاثے سے جڑے ہوں اور دونوں کی ایکسپائری ڈیٹ یعنی ختم ہونے کی تاریخ بھی ایک ہو۔

یہ ایک ایسے نکتہ کی نمائندگی کرتا ہے جو یہ بتاتا ہے کہ منسلکہ اثاثے کی قیمت کم ہو جائیگی اور پھر سٹاک میں شارٹ پوزیشن یعنی خریدار کی حیثیت اختیار کی جاتی ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کبھی یہ کالرز یروکاسٹ کالر ہوتا ہے' یہ اس وقت ہوتا ہے جب کہ پٹ اورکال آپشن دونوں کی قیمتیں برابر ہوجائیں۔۹۔

اس کی مثال یہ ہے کہ کسی منسلکہ اثاثے کی پٹ آپشن کی صورت میں یعنی فروخت کرتے وقت تین ماہ کے دورانیے کے لئے قیمت ۴۵ ڈالر مقرر ہو اور خریداری کے لئے یعنی کال آپشن کی صورت میں ۴۰ ڈالر مقرر کی جائے اور اس وقت پٹ آپشن اور کال آپشن کی اپنی اپنی قیمت یعنی پریمیئم دو ڈالر اور ایک ڈالر ہو تو اس وقت صافی خرچہ ایک ہی ڈالر آئیگا۔

Covered Call

یہ وہ سٹریٹیجی ہے جس میں انوسٹر کال آپشن اس وقت جاری کرتا ہے جب اس سے منسلک شیئر یا سٹاک اس کی اپنی ملکیت میں موجود ہو۔

البتہ اس میں ذرا یہ بات قابل وضاحت ہے کہ اگر وہ سٹاک جس کی بنیاد پر کال آپشنز جاری کیے جاتے ہیں وہ پہلے ہی سے کال رائیٹر کی ملکیت میں موجود ہو تو اس وقت اس عقد کو ''اوور رائٹ'' کہا جاتا ہے اور اگر آپشن جاری کرنے کے ساتھ ہی متعلقہ سٹاک کو خریدا جارہا ہو تو اس وقت اس کو ''بائی رائٹ'' کہا جاتا ہے۔

Protective put

یہ کسی سٹاک کو خریدتے وقت اس کے ساتھ پٹ آپشن کے خریدنے کو کہا جاتا ہے' جس میں یہ مقصد ہوتا ہے کہ جس سٹاک کو خریدا جارہا ہے اگر کہیں اس کی قیمت کم ہونے کا خطرہ لاحق ہو تو اس کو پٹ آپشن کی ذریعے ختم کیا جائے۔۱۰۔

Spreads

فنانشل آپشنز میں یہ وہ سٹریٹیجی ہے جس میں انوسٹر کال اور پٹ دونوں آپشنز کو جمع کرتا ہے' پھر اس کی مزید کئی صورتیں بنتی ہیں جن کو آنے والی سطور میں اختصار کے ساتھ ذکر کیا جارہا ہے:

Bull spread

سپریڈ کی اس صورت میں انوسٹر کم قیمت والے آپشنز کو خریدتا ہے جب کہ زیادہ قیمت والے آپشنز کو بیچتا ہے اور دونوں کی انتہائی مدت ایک ہی ہوتی ہے۔

Bear spread

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس صورت میں سرمایہ کار زیادہ قیمت والے آپشنز کو خریدتا ہے' کم قیمت والے آپشنز بیچتا ہے اور اس صورت میں بھی دونوں کی انتہائی مدت ایک ہی ہوتی ہے۔

Butterfly spread

اس صورت میں انوسٹر ایک ہی قسم کے آپشنز میں سے ایک کو کم قیمت پر خریدتا ہے اسی قسم کے ایک اور آپشن کو زیادہ قیمت پر خریدتا ہے پھر دونوں کو ایک ہی تاریخ کی ایکسپائری ڈیٹ کے ساتھ ایک دونوں قیمتوں کی ایک اوسط قیمت پر فروخت کرتا ہے۔

Box spread

اس صورت میں سرمایہ کار آپشنز کو بانڈ کے متبادل کے طور پر خریدتا ہے کیونکہ آپشنز کی خریداری کا خرچہ بانڈ کی بنسبت کم ہوتا ہے اور یہ کسی قرضہ لینے کے مقابلے میں سستا ہوتا ہے۔[۱۱]

Strangle

یہ وہ رسک مینیجمنٹ سٹریٹیجی ہے جس میں ''آؤٹ آف دی منی'' کال اور پٹ آپشنز کو ایک ہی ایکسپائری ڈیٹ کی بنیاد پر خریدا جاتا ہے' اس سٹریٹیجی کو اس وقت بھی استعمال کیا جاسکتا ہے جب کہ سٹریڈل آپشن کے ساتھ جڑے ہوئے زیادہ قیمت خرید کو کم کرنا مقصود ہو' نیز یہ اس وقت استعمال کی جاتی ہے جب انوسٹر بلش پوزیشن میں ہو لیکن متعلقہ اثاثے کی قیمت زیادہ یا کم ہونے کا صحیح اندازہ نہ ہو سکے۔

Straddle

یہاں بنیادی طور پر سٹریڈل کا تحقیقی مطالعہ مقصود ہے جو مذکورہ بالا دیگر سٹریٹیجیز کے مختصر تعارف کے بغیر مشکل امر ہے اس لئے ان کا ذکر اختصار کے ساتھ کیا گیا' اب یہاں مقصودی امر جو سٹریڈل ہے اس کو قدرے تفصیل کے ساتھ پیش کیا جارہا ہے جس میں اس کی تعریف کے ساتھ اس کی ضروری خاصیات' اس پر عمل درآمد کا طریقہ کار بمع ضروری تفصیل اور سٹریڈل میں گریکس کا استعمال ذکر کیا جارہا ہے۔

**تعارف Straddle**

سٹریڈل بنیادی طور پر ایک ویلیٹیلیٹی سٹریٹیجی ہے' ویلیٹیلیٹی کا مفہوم یہ ہے کہ وہ صورتیں جہاں آپشنز سے منسلک اثاثہ جات کی قیمتوں میں متوقع کمی یا زیادتی کے رجحان کی بنیاد پر آپشنز میں سرمایہ کاری کے لئے کوئی لائحہ عمل طے کرنا یا اس کو عمل میں لانا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


جیسا کہ سطور بالا میں بتایا جاچکا ہے کہ آپشنز کی ان تمام سٹریٹیجیز کو آپشنز کی ٹریڈنگ میں کسی بھی نقصان کا متحامل ہونے سے بچنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے البتہ کوئی انوسٹر کسی ایک سٹریٹیجی پر عمل درآمد کو قابل ترجیح سمجھتا ہے جب کہ کوئی کسی دوسری کو عمل میں لانے کو ترجیح دیتا ہے' سٹریڈل بھی ایسی ہی ایک سٹریٹیجی ہے جس میں کوئی انوسٹر کسی مخصوص سٹاک کے ساتھ جڑے ہوئے کال اور پٹ دونوں طرح کے آپشنز کو ایک ہی سٹرائک پرائس اور ایک ہی ایکسپائری ڈیٹ کے ساتھ خریدتا ہے مزید یہ کہ اس میں خریدنے اور بیچنے دونوں صورتوں کا طریقہ کار بالکل ایک ہی جیسا ہے اس لئے کہ صرف ایک ہی جہت سے وضاحت دونوں پہلوؤں یعنی لانگ اور شارٹ دونوں کے لئے کافی ہے اس لئے یہاں ایک جہت ذکر کرکے اس پر کفایت کی جارہی ہے چنانچہ "آر ای بیلے" لکھتے ہیں:

a long straddle consists of a long position in a call and a put with the same exercise price and expiry date,,12

ترجمہ:لانگ سٹریڈل یہ ایک ہی ایکسرسائز پرائس اور ایک ہی ایکسپائری ڈیٹ پر کال اور پٹ (آپشنز دونوں) کی لانگ پوزیشن کو جمع کرنے کا نام ہے۔

ایسے ہی سٹریڈل ایک ہی ایکسرسائز پرائس اور ایک ہی ایکسپائری ڈیٹ پر کال اور پٹ دونوں طرح کی آپشنز میں شارٹ پوزیشن اختیار کرنے کو کہا جاتا ہے۔

حاصل یہ ہے کہ اس سٹریٹیجی میں دو مختلف قسم کے آپشنز یعنی کال اور پٹ کو جمع کیا جاتا ہے نیز اس میں ایکسرسائز پرائس' ایکسپائری ڈیٹ اور پوزیشن ان تین چیزوں میں مماثلت ہوتی ہے یعنی جو ایکسرسائز پرائس کال آپشن کے لئے مقرر ہوتا ہے وہی پٹ آپشن کے لئے ہوتا ہے اور جو ایکسپائری ڈیٹ کال آپشن کے لئے طے ہوتا ہے وہی پٹ آپشن کے لئے مقرر کیا جاتا ہے' ایسے ہی ایک کنٹریکٹ میں جن دو کال اور پٹ آپشنز کو جمع کیا جاتا ہے اس میں پوزیشن بھی ایک جیسی ہوتی ہے یعنی اگر کال آپشن کے لئے لانگ پوزیشن طے ہوتی ہے تو وہی پٹ آپشن کے لئے بھی طے ہوتی ہے اور اگر کال آپشن کے لئے شارٹ پوزیشن طے ہوتی ہے تو پٹ آپشن کے لئے بھی یہی پوزیشن طے ہوتی ہے نیز لانگ سٹریڈل اور شارٹ سٹریڈل کی دیگر ضروری تفصیلات آگے اپنی جگہ پر بیان کی جائیگی۔(جاری ہے)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## حواشی

1.Derivatives demy stified,A step.by.step guide to forwards,futures,swaps and options,page 37

ہے وہی ساز کہن مغرب کا جمہوری نظام
جس کے پردوں میں نہیں غیر از نوائے قیصری
دیو استبداد جمہوری قبا میں پائے کوب
تو سمجھتا ہے یہ آزادی کی ہے نیلم پری
مجلس آئین واصلاح و رعایات و حقوق
طب مغرب میں مزے میٹھے اثر خواب آوری
گرمیٔ گفتار اعضائے مجالس الامان
یہ بھی اک سرمایہ داروں کی ہے جنگِ زرگری

2.Options made easy,page12.14
3.options,futures and other derivatives,page 190.191
4.Options made easy,page 36.37
5.The economics of financial markets,page 441
6.Options,futures and other derivatives,page 192
7.The economics of financial markets,page 447.448
8.Derivatives demy stified,A step.by.step guide to forwards,futures,swaps and options,page 161.164
9.Prof.Doron A vramov,derivatives securities,page 288.297,Hebrew university of jerusalem
۱۰۔حوالہ بالا
11.Roy.e.baily,The economics of financial markets,page513/derivatives,page 288.297
12.The economics of financial mar

© rasailojaraid.com